## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR ON "THE PREVENTION OF CORRUPTION (AMENDMENT) BILL, 2020

I, Chairman of the Standing Committee on Interior have the honor to present this report on the Bill further to amend the Prevention of Corruption Act, 1947 (Act II of 1947) [The Prevention of Corruption (Amendment) Bill, 2019] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 23rd April, 2019.

2. The Committee comprises the following:

| | |
|---|---|
| 1) **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2) Mr. Sher Akbar Khan | Member |
| 3) Mehar Ghulam Muhammad Lali | Member |
| 4) Mr. Raza Nasrullah | Member |
| 5) Khawaja Sheraz Mehmood | Member |
| 6) Mr. Rahat Aman Ullah Bhatti | Member |
| 7) Malik Karamat Ali Khokhar | Member |
| 8) Sardar Talib Hassan Nakai | Member |
| 9) Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak | Member |
| 10) Mr. Muhammad Akhtar Mengal | Member |
| 11) Nawabzada Shazain Bugti | Member |
| 12) Malik Sohail Khan | Member |
| 13) Rana Shamim Ahmed Khan | Member |
| 14) Mr. Mohammad Pervaiz Malik | Member |
| 15) Mr. Nadeem Abbas | Member |
| 16) Ms. Maryam Aurangzaib | Member |
| 17) Syed Agha Rafiullah | Member |
| 18) Nawab Muhammad Yousuf Talpur | Member |
| 19) Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 20) Mr. Asmatullah | Member |
| 21) Mr. Ijaz Ahmad Shah<br>Minister for Interior | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at (**Annex-A**), in its meetings held on 29-07-2019, 30-08-2019, 8-11-2019, 19-11-2019, 12-12-2019 and 24-7-2020. The Committee made the following amendments therein.-

(1) **Clause 2**

In clause 2.-

(i) For the expression "Federal Government" the expression "authority of" shall be substituted.

(ii) For the expression "and provincial government and institution where government capital, share or control is involved", the expression, "Government and institutions where Government capital, share or control is involved" shall be substituted.

(2) **Clause 3**

In clause 3, for the word, "seven", the word, "five" shall be substituted.

(3) **Clause 4**

In clause 4.-

(i) In sub-clause (1), for the expression "Federal Government" the expression "Government or institutions where Government capital, share or control is involved" shall be substituted.

(ii) In sub-clause (2), for the word, "ten", the word, "five", shall be substituted.

(4) **Clause 5**

Clause 5, shall be substituted with the following namely;

"**5. Amendment of section 5C, Act II of 1947.**- In the said Act, in section 5C in sub-section (1),-

(a) for the expression "seven years and with fine", the expression, "ten years but not less than five years" shall be substituted; and

(b) for the expression "Provincial Government", the expression "Government concerned" shall be substituted.".

4. The Committee recommends that the Bill as reported by the Standing Committee placed at **(Annex-B)**, may be passed by the National Assembly.

-Sd-

**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
*Islamabad, the 7th Jan, 2021*

-Sd-

**(RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ)**
Chairman
Standing Committee on Interior

[ As INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

Annex A

A

Bill

*further to amend the Prevention of Corruption Act, 1947*

**WHEREAS**, it is expedient further to amend the Prevention of Corruption Act, 1947 (Act II 1947) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title, Extent and Commencement.-** (1) This Act may be called the Prevention of Corruption (Amendment) Act, 2019.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act II of 1947.-** In the Prevention of the Corruption Act, 1947, hereinafter referred as the said Act, in section (2) after the expression "Federal Government", the expression "and provincial government and institution where government capital, share or control is involved" shall be added.

3. **Amendment of section 5, Act II of 1947.-** In the said Act, in section 5, in sub-section (2), for the expression "seven years, or with fine, or with both", the expression "ten years but not less than seven years" shall be substituted.

4. **Amendment of section 5-B, Act II of 1947.-** In the said Act, in Section 5-B; in sub-section (1).-

(1) before the words "Provincial Government", the words "Federal Government or", shall be inserted;

(2) in sub-section (2), for the words "three years", the expression "twenty five years but not less than ten years", shall be substituted.

5. **Amendment of section 5-C, Act II of 1947.-** In the said Act, in section 5-C, in sub-section (1), for the expression "seven years and with fine", the expression "twenty five years but not less than ten years and with fine of fifty times of proved loss to the public exchequer." shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Corruption threatens economic development, destabilizes society and jeopardizes Rule of Law. Public resources are meant for social welfare and to provide basic facilities like health, education and to develop infrastructure. These resources are being looted through corrupt practices thus increasing poverty and sufferings of the citizens. Corruption weakens service delivery, damages reputation of the country and hinders Foreign Direct Investment.

To control the menace of corruption and to make the existing law on prevention of corruption more effective punishments provided therein may be enhanced.

The Bill seeks to achieve the aforesaid objectives.

Sd/-

**Mr. Sher Akbar Khan**
Member National Assembly

Annex. B

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

Bill

*further to amend the Prevention of Corruption Act, 1947*

**WHEREAS**, it is expedient further to amend the Prevention of Corruption Act, 1947 (Act II 1947) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**- (1) This Act shall be called the Prevention of Corruption (Amendment) Act, 2020.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act II of 1947.**- In the Prevention of the Corruption Act, 1947 (II 1947), hereinafter referred as the said Act, in section 2 after the expression "authority of ", the expression, "Government and institutions where Government capital, share or control is involved" shall be inserted.

3. **Amendment of section 5, Act II of 1947.**- In the said Act, in section 5, in sub-section (2), for the expression "seven years, or with fine, or with both", the expression "ten years but not less than five years" shall be substituted.

4. **Amendment of section 5B, Act II of 1947.**- In the said Act, in section 5B,-

(a) in sub-section (1), for the expression "Provincial Government", the words "Government and institutions where Government capital, share or control is involved", shall be substituted;

(b) in sub-section (2), for the expression, "three years", the expression, "ten years but not less than five years", shall be substituted.

5. **Amendment of section 5C, Act II of 1947.**- In the said Act, in section 5C in sub-section (1),-

(a) for the expression "seven years and with fine", the expression, "ten years but not less than five years" shall be substituted; and

(b) for the expression "provincial Government", the expression "Government concerned" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Corruption threatens economic development, destabilizes society and jeopardizes Rule of Law. Public resources are meant for social welfare and to provide basic facilities like health, education and to develop infrastructure. These resources are being looted through corrupt practices thus increasing poverty and sufferings of the citizens. Corruption weakens service delivery, damages reputation of the country and hinders Foreign Direct Investment.

To control the menace of corruption and to make the existing law on prevention of corruption more effective punishments provided therein may be enhanced.

The Bill seeks to achieve the aforesaid objectives.

Sd/-

**Mr. Sher Akbar Khan**
Member National Assembly

## قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

### انسداد بدعنوانی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ ۲۳ر اپریل، ۲۰۱۹ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ انسداد بدعنوانی ایکٹ، ۱۹۴۷ء (ایکٹ ۲ مجریہ ۱۹۴۷ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [انسداد بدعنوانی (ترمیمی) بل، ۲۰۱۹ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب شیر اکبر خان | رکن |
| ۳۔ | مہر غلام محمد لالی | رکن |
| ۴۔ | جناب رضا نصر اللہ | رکن |
| ۵۔ | خواجہ شیراز محمود | رکن |
| ۶۔ | جناب راحت امان اللہ بھٹی | رکن |
| ۷۔ | ملک کرامت علی کھوکھر | رکن |
| ۸۔ | سردار طالب حسن نکئی | رکن |
| ۹۔ | محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک | رکن |
| ۱۰۔ | جناب محمد اختر مینگل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ شاہ زین بگٹی | رکن |
| ۱۲۔ | ملک سہیل خان | رکن |
| ۱۳۔ | رانا شمیم احمد خان | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد پرویز ملک | رکن |
| ۱۵۔ | جناب ندیم عباس | رکن |
| ۱۶۔ | محترمہ مریم اورنگزیب | رکن |
| ۱۷۔ | سید آغا رفیع اللہ | رکن |
| ۱۸۔ | نواب محمد یوسف تالپور | رکن |
| ۱۹۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۲۰۔ | جناب عصمت اللہ | رکن |
| ۲۱۔ | جناب اعجاز احمد شاہ<br>وزیر برائے داخلہ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۹ر جولائی، ۲۰۱۹ء، ۳۰ر اگست، ۲۰۱۹ء، ۸ر نومبر، ۲۰۱۹ء، ۱۹ر نومبر، ۲۰۱۹ء، ۱۲ر دسمبر، ۲۰۱۹ء اور ۲۴ ر جولائی، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی نے اس میں حسب ذیل ترامیم پیش کیں۔

(۱)

**شق ۲**

شق ۲ میں۔

(i) عبارت "وفاقی حکومت" کو عبارت "کی اتھارٹی" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(ii) عبارت "اور صوبائی حکومت اور ادارہ جہاں سرکاری سرمایہ، حصہ یا کنٹرول شامل ہو" کو عبارت "حکومت اور ادارے جہاں سرکاری سرمایہ، حصہ یا کنٹرول شامل ہو" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(۲) **شق۳**

شق۳میں، لفظ "سات" کو لفظ "پانچ" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(۳) **شق۴**

شق۴میں۔

(i) ذیلی شق(۱) میں، عبارت "وفاقی حکومت" کو عبارت "حکومت یا ادارے جہاں سرکاری سرمایہ، حصہ یا کنٹرول کا شامل ہو" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(ii) ذیلی شق(۲) میں، لفظ "دس" کو لفظ "پانچ" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(۴) **شق۵**

شق۵ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا یعنی؛

"ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۴۷ء، دفعہ ۵رج کی ترمیم۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵رج میں، ذیلی دفعہ (۱) میں،۔

(الف) عبارت "سات سال بمعہ جرمانہ" کو عبارت "دس سال مگر پانچ سال سے کم نہ ہو" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) عبارت "صوبائی حکومت" کو عبارت "متعلقہ حکومت" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۴۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی منسلکہ۔ب کے طور پر قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔

(راجہ خرم شہزاد نواز)

چیئرمین

قائمہ کمیٹی برائے داخلہ

دستخط/۔

(طاہر حسین)

سیکرٹری

اسلام آباد، ۱۴/۱/۲۰۲۱ء

منسلکہ الف

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

انسداد بدعنوانی ایکٹ، 1947ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے انسداد بدعنوانی ایکٹ، 1947ء (ایکٹ نمبر 2 بابت 1947ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

1۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا انسداد بدعنوانی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

2۔ **ایکٹ نمبر 2 بابت 1947ء، دفعہ 2 کی ترمیم۔** انسداد بدعنوانی ایکٹ، 1947ء میں، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، دفعہ 2 میں، عبارت "وفاقی حکومت" کے بعد عبارت "اور صوبائی حکومت اور ادارہ جہاں حکومتی سرمایہ، حصص یا کنٹرول شامل ہو" کا اضافہ کر دیا جائے گا۔

3۔ **ایکٹ نمبر 2 بابت 1947ء، دفعہ 5 کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 5 میں، ذیلی دفعہ (2) میں، عبارت "سات سال، یا مع جرمانہ، یا دونوں" کی بجائے عبارت "دس سال لیکن سات سال سے کم نہ ہو" تبدیل کر دی جائے گی۔

4۔ **ایکٹ نمبر 2 بابت 1947ء، دفعہ 5۔ب کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 5۔ب میں، ذیلی دفعہ (1) میں،۔

(۱) الفاظ "صوبائی حکومت" سے پہلے الفاظ "وفاقی حکومت یا" شامل کر دیئے جائیں گے؛

(۲) ذیلی شق (۲) میں، الفاظ "تین سال" کی بجائے عبارت "پچیس سال لیکن دس سال سے کم نہ ہو" تبدیل کر دی جائے گی۔

5۔ **ایکٹ نمبر 2 بابت 1947ء، دفعہ 5۔ج کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 5۔ج میں، ذیلی دفعہ (1) میں، عبارت "سات سال اور مع جرمانہ" کی بجائے عبارت "پچیس سال لیکن دس سال سے کم نہ ہو اور مع سرکاری خزانہ کو ہونے والے ثابت شدہ نقصان کا پچاس گنا جرمانہ" تبدیل کر دی جائے گی۔

## بیان اغراض و وجوہ

بدعنوانی معاشی ترقی، معاشرتی استحکام اور قانون کی حکمرانی کو خطرے سے دوچار کرتی ہے۔ سرکاری وسائل سماجی بہبود اور صحت، تعلیم جیسی بنیادی سہولیات بہم پہنچانے اور انفراسٹرکچر کی ترقی کے لئے استعمال کئے جانے ہوتے ہیں۔ یہ وسائل بدعنوانیوں کے ذریعے لوٹے جا رہے ہیں جس کے نتیجے میں غربت اور شہریوں کی تکالیف میں اضافہ ہو رہا ہے۔ بدعنوانی خدمات کی فراہمی کو کمزور کرتی ہے، ملکی ساکھ کو نقصان پہنچاتی ہے اور بیرونی براہ راست سرمایہ کاری میں رکاوٹ بنتی ہے۔

بدعنوانی کی لعنت پر قابو پانے اور انسداد بدعنوانی کے موجودہ قانون کو مزید مؤثر بنانے کے لئے اس میں وضع کردہ سزا میں اضافہ کیا جائے۔

اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط۔

جناب شیر اکبر خان

رکن، قومی اسمبلی۔

مسلکہ۔ب

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

**انسداد بدعنوانی ایکٹ، ۱۹۴۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا**

**بل**

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے انسداد بدعنوانی ایکٹ، ۱۹۴۷ء (ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۴۷ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا انسداد بدعنوانی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۴۷ء، دفعہ ۲ کی ترمیم۔** انسداد بدعنوانی ایکٹ، ۱۹۴۷ء (نمبر ۲ بابت ۱۹۴۷ء) میں، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، دفعہ ۲ میں، عبارت "کی اتھارٹی" کے بعد عبارت "حکومت اور ادارے جہاں سرکاری سرمایہ، حصص یا کنٹرول شامل ہو" شامل کر دی جائے گی۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۴۷ء، دفعہ ۵ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، عبارت "سات سال، یا مع جرمانہ، یا دونوں" کی بجائے عبارت "دس سال لیکن پانچ سال سے کم نہ ہو" تبدیل کر دی جائے گی۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۴۷ء، دفعہ ۵رب کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵رب میں؛

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں، عبارت "صوبائی حکومت" کو الفاظ "حکومت اور ادارے جہاں سرکاری سرمایہ، حصص یا نگرانی شامل ہو" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) ذیلی شق (۲) میں، عبارت "تین سال" کو عبارت "دس سال لیکن پانچ سال سے کم نہ ہو" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۴۷ء، دفعہ ۵رج کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵رج میں، ذیلی دفعہ (۱) میں،

(الف) عبارت "سات سال اور مع جرمانہ" کو عبارت "دس سال لیکن پانچ سال سے کم نہ ہو" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) عبارت "صوبائی حکومت" کو عبارت "متعلقہ حکومت" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

**بیان اغراض ووجوہ**

بدعنوانی معاشی ترقی، معاشرتی استحکام اور قانون کی حکمرانی کے لئے خطرہ ہے۔ سرکاری وسائل کا مصرف سماجی بہبود اور صحت، تعلیم جیسی بنیادی سہولیات بہم پہنچانا اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی ہونی چاہیے۔ یہ وسائل بدعنوانیوں کے ذریعے لوٹے جا رہے ہیں جس کے نتیجے میں غربت اور شہریوں کی تکالیف میں اضافہ ہو رہا ہے۔ بدعنوانی خدمات کی فراہمی کو کمزور کرتی ہے، ملکی ساکھ کو نقصان پہنچاتی ہے اور بیرونی براہ راست سرمایہ کاری میں رکاوٹ بنتی ہے۔

بدعنوانی کی لعنت پر قابو پانے اور انسداد بدعنوانی کے موجودہ قانون کو مزید مؤثر بنانے کے لئے اس میں صراحت کردہ سزاؤں میں اضافہ کیا جائے۔

اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔

جناب شیر اکبر خان

رکن، قومی اسمبلی۔